# پی۔ایچ۔اے۔فاؤنڈیشن

## وزارت برائے مکانات و تعمیرات

پی ایچ اے ایف/22ویں بورڈ میٹنگ/2016/497 مورخہ:29 اگست، 2016

عنوان: پی۔ایچ۔اے۔ایف۔کے بورڈ کے ڈائریکٹرز کی 22ویں میٹنگ کے منٹس جو کہ 25 اگست، 2016 کو منعقد ہوئی

پی۔ ایچ۔ اے۔ فاؤنڈیشن کے بورڈ کے ڈائریکٹرز کی 22ویں میٹنگ محترم وفاقی وزیر برائے مکانات و تعمیرات / چیئرمین پی۔ایچ۔اے۔ایف۔جناب اکرم خان درانی کے زیر صدارت 25 اگست، 2016 کو دن 2 بجے وزارت برائے مکانات و تعمیرات کے کانفرنس روم میں منعقد ہوئی۔

2. ہدایات کے مطابق 22ویں میٹنگ کے منظور شدہ منٹس اطلاع کے لئے ساتھ منسلک کئے گئے ہیں۔

(عباس علی خان)

ڈپٹی ڈائریکٹر (ایڈمن)

برائے تقسیم:

1. محترم اکرم خان درانی، وفاقی وزیر برائے مکانات و تعمیرات / چیئرمین پی ایچ اے فاؤنڈیشن، اسلام آباد
2. محترم شاہ رخ ارباب، سیکرٹری برائے وزارت برائے مکانات و تعمیرات، اسلام آباد
3. محترم اختر جان وزیر، سینئر جوائنٹ سیکرٹری، وزارت برائے مکانات و تعمیرات، اسلام آباد
4. محترم روحیل محمد بلوچ، فنانشل مشیر (ورکس) / جوائنٹ سیکرٹری فنانس ڈویژن، اسلام آباد
5. محترم شاہد سہیل، ممبر انجینیئرنگ، سی ڈی اے، اسلام آباد
6. محترم وقاص علی محمود، ڈائریکٹر جنرل (ایف۔جی۔ای ایچ ایف) اسلام آباد
7. محترم مشتاق علی ذکاء، انجینیئرنگ ایڈوائزر، وزارت برائے مکانات و تعمیرات، اسلام آباد
8. محترم علی اکبر شیخ، ڈائریکٹر جنرل (پاک پی۔ڈبلیو۔ڈی) اسلام آباد
9. محترم جمیل احمد خان، ڈپٹی سیکرٹری (ایڈمن) وزارت برائے مکانات و تعمیرات، اسلام آباد

برائے اطلاع:

1) پی۔ایس۔برائے سی۔ای۔او۔، پی۔ایچ۔اے۔فاؤنڈیشن، اسلام آباد
2) پی ایچ اے فاؤنڈیشن کے تمام ڈائریکٹرز کے پی ایس
3) ڈپٹی ڈائریکٹرز (اے۔ایس۔سی۔1، 2 اور 3)، لینڈ اور اسٹیٹ ونگ، پی۔ایچ۔اے۔فاؤنڈیشن، اسلام آباد
4) سیکشن فائل

# "بورڈ کے ڈائریکٹرز کی 22ویں میٹنگ کے منٹس"

**عنوان:** پی۔ ایچ۔ اے۔ ایف۔ کے بورڈ کے ڈائریکٹرز کی 22ویں میٹنگ کے منٹس جو کہ 25 اگست، 2016 کو منعقد ہوئی

1. پی۔ ایچ۔ اے۔ فاؤنڈیشن کے بورڈ کے ڈائریکٹرز کی 22ویں میٹنگ محترم وفاقی وزیر برائے مکانات و تعمیرات / چیئرمین پی۔ ایچ۔ اے۔ ایف۔ جناب اکرم خان درانی کے زیرِ صدارت 25 اگست، 2016 ، دن 2 بجے وزارتِ مکانات و تعمیرات کے کانفرنس روم میں منعقد ہوئی۔ شرکاء کی فہرست منٹس کے اختتام پر منسلک کی گئی ہے۔

2. میٹنگ کا آغاز تلاوتِ قرآنِ پاک سے ہوا۔ جس کے بعد چیئرمین صاحب نے میٹنگ کا باقاعدہ آغاز کرتے ہوئے شرکاء کو بتایا کہ مذکورہ میٹنگ ہنگامی بنیاد پر بلائی گئی ہے تاکہ اس وقت پی۔ ایچ۔ اے۔ ایف۔ کو جو مسائل درپیش ہیں اور جو معاملات رک گئے ہیں ان کا جائزہ لے سکیں۔ پھر انہوں نے بتایا کہ پی۔ ایچ۔ اے۔ ایف۔ کے کام بڑے اچھے انداز سے چل رہا تھا اور انہوں نے سی۔ ای۔ او۔ سے لے کر نیچے تک تمام ملازمین کی کارکردگی کو سراہا کہ ان سب نے مل کر حال ہی میں تقریباً 7000 نئے اپارٹمنٹس کی منصوبہ بندی مکمل کی اور شرکاء کو آگاہ کیا کہ قومی اسمبلی کی قائمہ کمیٹی برائے مکانات و تعمیرات کی میٹنگ میں بھی پی۔ ایچ۔ اے۔ ایف۔ کی اچھی کارکردگی کو بہت سراہا گیا ہے۔

3. ڈپٹی چیئرمین صاحب نے پی۔ ایچ۔ اے۔ ایف۔ سے آئے ہوئے نمائندگان سے پوچھا کہ اس وقت جو مسائل درپیش ہیں وہ بورڈ کے ڈائریکٹرز کو بتائیں۔ جس پر چیف انجینئر، پی۔ ایچ۔ اے۔ ایف۔ نے مندرجہ ذیل طرز پر گفتگو کا آغاز کیا۔

**ایجنڈا آئٹم نمبر 1:**

## 21ویں بی۔ او۔ ڈی۔ اجلاس کے منٹس کی تصدیق

چیف انجینئر پی۔ ایچ۔ اے۔ ایف۔ نے بورڈ شرکاء کو آگاہ کیا کہ پی۔ ایچ۔ اے۔ فاؤنڈیشن کے بورڈ کے ڈائریکٹرز کا 21واں اجلاس محترم وفاقی وزیر برائے مکانات و تعمیرات کے زیرِ صدارت 19 اپریل، 2016 کو دن 11 بجے وزارت برائے مکانات و تعمیرات کے کانفرنس روم میں منعقد ہوا۔ منظور شدہ منٹس بورڈ کے تمام کے ڈائریکٹرز کو بھجوائے گئے جس پر کوئی اعتراض موصول نہیں ہوا لہٰذا بورڈ کے ڈائریکٹرز سے درخواست ہے کہ سابقہ روایت کو برقرار رکھتے ہوئے منٹس تصدیق کر دیں۔

**فیصلہ:**

"بورڈ کے ڈائریکٹرز نے متفقہ طور پر 21ویں بورڈ میٹنگ کے منٹس کی تصدیق کر دی۔"

**ایجنڈا آئٹم نمبر2:**

**چیف انجینئر (بی۔پی۔ایس۔20)، پی۔ایچ۔اے۔ایف۔ کو پراجیکٹس کے حوالے سے مالی اختیارات سونپنا**

1. چیف انجینئر، پی۔ایچ۔اے۔ایف۔ نے بورڈ کے ڈائریکٹرز کو بتایا کہ پی۔ایچ۔اے۔ایف۔ کے چیف ایگزیکٹو افسر 29 جولائی، 2016 کو ٹرانسفر کر دیے گئے اور اب تک بطور سی۔ای۔او۔ کسی افسر کی تعیناتی نہیں کی گئی۔ اس وقت یہ مسئلہ درپیش ہے کہ تمام جاری پراجیکٹس کے ٹھیکیدار اپنے کیے گئے کام کے بل جمع کروا رہے ہیں اور چونکہ ان بلوں کی منظوری سی۔ای۔او۔ دیا کرتے تھے لہٰذا اس وقت ادارہ ان بلوں کی ادائیگی کرنے سے قاصر ہے۔ اگر پی۔ایچ۔اے۔ایف۔ وقت پر ٹھیکیداروں کو ادائیگی نہیں کرے گا تو وہ نہ صرف پراجیکٹس کی سائٹس پر کام روک دیں گے بلکہ پی۔ایچ۔اے۔ایف۔ پر تاخیر ادائیگی کے ذمرے میں جرمانہ عائد کریں گے۔

2. انہوں نے مزید بتایا کہ بورڈ کی 21ویں میٹنگ جو کہ 19 اپریل، 2016 کو منعقد ہوئی تھی میں مندرجہ ذیل فیصلہ دیا گیا تھا:

**''بورڈ اراکین نے متفقہ طور پر فیصلہ کیا کہ ڈپٹی مینیجنگ ڈائریکٹر (بی۔پی۔ایس۔20) کی اسامی کو چیف انجینئر (بی۔پی۔ایس۔20) میں تبدیل کر دیا جائے۔ چیف انجینئر پاک پی۔ڈبلیو۔ڈی کے کوڈ کو مدنظر رکھتے ہوئے قانون / ضابطہ پر کام کرنے کا پابند ہوگا۔ پاک پی۔ڈبلیو۔ڈی۔ کوڈ پہلے سے پی۔ایچ۔اے۔ میں نافذ العمل ہے جس کا فیصلہ پی۔ایچ۔اے۔ بورڈ نے اپنے چھٹے اجلاس میں کیا تھا۔ وہ ہر طرح کے ترقیاتی کاموں کے لیئے اپنے تمام تکنیکی / انتظامی اور مالی اختیارات جو اس کو قانون کے مطابق حاصل ہے استعمال کرے گا۔''**

3. چیف انجینئر، پی۔ایچ۔اے۔ایف۔ نے بورڈ کے ڈائریکٹرز سے درخواست کی کہ اس مسئلے کا مستقل حل نکالا جائے اور بورڈ کے ڈائریکٹرز احکامات دیں کہ بورڈ کے مندرجہ بالا فیصلے پر حقیقی معنوں میں عمل درآمد کیا جائے اور ادارے کی موجودہ صورتحال میں اور مستقبل میں بھی ٹھیکیداروں کے بلوں کی منظوری چیف انجینئر، پی۔ایچ۔اے۔ایف۔ (بی۔پی۔ایس۔20) دیا کریں تاکہ ادارے کی موجودہ صورتحال کا پراجیکٹس کی پیش رفت پر کوئی منفی اثرات مرتب نہ ہوں۔ اس کے علاوہ ٹھیکیداروں کے بلوں کی ادائیگی کے لئے چیف انجینئر، پی۔ایچ۔اے۔ایف۔ اور ڈائریکٹر (فنانس)، پی۔ایچ۔اے۔ایف۔ شریک دستخط کنندہ (Co-signatory) پراجیکٹ اکاؤنٹس ہوں گے۔

4. جیسا کہ مندرجہ بالا گزارشات بیان کی گئیں ہیں مستقل سی۔ای۔او۔ کی تعیناتی تک بورڈ کے ڈائریکٹرز سے درخواست کی جاتی ہے کہ پی۔ایچ۔اے۔ایف۔ کے ملازمین کی ماہانہ تنخواہ کی ادائیگی کے لئے چیف انجینئر اور ڈائریکٹر (فنانس) شریک دستخط کنندہ مرکزی اکاؤنٹ ہوں گے۔

5. فنانشل ایڈوائزر جناب روحیل محمد بلوچ نے بورڈ شرکاء کو آگاہ کیا کہ پی۔ایچ۔اے۔ایف۔ کے آرٹیکلز آف ایسوسی ایشن میں آرٹیکل نمبر 42 میں بورڈ کی ذمہ داریاں اور اختیارات بتائے گئے ہیں جو کہ انہوں نے پڑھ کر شرکاء کو بتائے۔ پھر انہوں نے مذکورہ دستاویز کے آرٹیکل

نمبر 59 اور 60 کے بارے میں بتاتے ہوئے بورڈ کو آگاہ کیا کہ بورڈ کے ڈائریکٹرز کے پاس اختیار ہے کہ وہ کسی بھی شخص کو چیک پر دستخط کرنے کی اجازت دے سکتا ہے (آرٹیکل 42، 59 اور 60 کی کاپی منٹس کے آخر میں **فلیگ-الف** پر لگائی گئی ہے)۔ لہٰذا پراجیکٹس کے اکاؤنٹس سے ادائیگی اور تنخواہوں کے اجراء کے لئے چیف انجینئر، پی۔ ایچ۔ اے۔ ایف۔ کو شریک دستخط کنندہ (**co-signatory**) کا اختیار دیا جا سکتا ہے۔

**فیصلے:**

6. بورڈ کے ڈائریکٹرز نے متفقہ طور پر مندرجہ ذیل فیصلے دیے:

**"الف) 21ویں بورڈ میٹنگ میں چیف انجینئر (پی۔ ایچ۔ اے۔ ایف) کو پراجیکٹس کے حوالے سے تمام تکنیکی/انتظامی اور مالی اختیارات دینے کے حوالے سے جو فیصلہ کیا گیا تھا اس پر من و عن عمل درآمد کیا جائے یعنی کہ پراجیکٹس/تعمیراتی کام بشمول ٹینڈرز کی منظوری وغیرہ جیسے تمام مالی اختیارات اور ٹھیکیداروں/کنسلٹنٹس کے تمام بل چیف انجینئر، پی۔ ایچ۔ اے۔ ایف۔ منظور کیا کریں گے تاکہ پراجیکٹس کی پیش رفت متاثر نہ ہو اور ٹھیکیداروں/کنسلٹنٹس کو ادائیگی پی۔ ایچ۔ اے۔ ایف۔ کے "چیف انجینئر اور ڈائریکٹر فنانس" کے مشترکہ دستخط کے ذریعے پراجیکٹس کے اکاؤنٹس سے کی جائے گی جو کہ پبلک ورکس کی ہموار روانگی کے لئے انتہائی ضروری ہے۔**

**ب) مستقل سی۔ ای۔ او۔ کی تعیناتی تک پی۔ ایچ۔ اے۔ ایف۔ کے ملازمین کی ماہانہ تنخواہ کے اجراء اور روزمرہ کے انتظامی اخراجات کی منظوری کے لئے چیف انجینئر (پی۔ ایچ۔ اے۔ ایف۔) کو اختیار دیا جاتا ہے کہ وہ پی۔ ایچ۔ اے۔ ایف۔ کے مرکزی اکاؤنٹ سے تنخواہ جاری کرے۔ تنخواہ کے اجراء کے لئے "چیف انجینئر اور ڈائریکٹر فنانس" مشترکہ دستخط کنندہ (co-signatory) ہوں گے۔ یہ فیصلہ عارضی ہے۔ پی۔ ایچ۔ اے۔ ایف۔ کے مرکزی اکاؤنٹ اور پراجیکٹس کے اکاؤنٹس کی تفصیلی فہرست منٹس کے آخر میں فلیگ- الف-1 کے طور پر لگائی گئی ہے۔"**

**ایجنڈا آئٹم نمبر 3:**

## پراجیکٹس کو موثر طریقے سے چلانے کے لئے انجینئرنگ ونگ کے ڈپٹی ڈائریکٹرز اور اسسٹنٹ ڈائریکٹرز کی ذمہ داریوں کا تعین

1. ایجنڈے پر تفصیلی گفتگو ہوئی اور ممبر سی۔ ڈی۔ اے۔ شاہد سہیل نے رائے دی کہ پی۔ ڈبلیو۔ ڈی۔ کوڈ میں ایکس۔ ای۔ این۔ وغیرہ کی ذمہ داریاں تفصیل سے درج ہیں جنہیں پی۔ ایچ۔ اے۔ ایف۔ من و عن اختیار کر سکتا ہے۔ انہوں نے یہ بھی بتایا کہ پی۔ ایچ۔ اے۔ ایف۔ میں ٹھیکیدار/کنسلٹنٹ کام کے بل سادے کاغذ پر جمع کراتے ہیں جو کہ پیمائشی کتاب (Measurement Book) میں درج ہونے چاہئیں جس کی ڈی۔ جی۔ پی۔ ڈبلیو۔ ڈی نے بھی تائید کی۔

**فیصلہ:**

2. بورڈ کے ڈائریکٹرز نے متفقہ طور پر مندرجہ ذیل فیصلہ دیا:

الف) **"مجوزہ ذمہ داریوں کو منظور کیا جاتا ہے اور ہدایت دی جاتی ہے کہ پی۔ایچ۔اے۔ایف۔ میں پاک پی۔ڈبلیو۔ڈی۔ اور سی۔ڈی۔اے۔ میں کام کرنے کے طریقے کو من وعن اختیار کیا جائے۔**

**ایجنڈا آئٹم نمبر 4:۔**

**عنوان:** **پی۔ایچ۔اے۔ فاؤنڈیشن (پی۔ایچ۔اے۔ایف) کے آڈٹ شدہ اکاؤنٹس / فنانشل سٹیٹمنٹس برائے مالی سال 30 جون، 2012، 30 جون، 2013 اور 30 جون، 2014 کی بورڈ کے ڈائریکٹرز سے منظوری**

1. ڈائریکٹر (فنانس)، پی۔ایچ۔اے۔ایف۔ نے بورڈ شرکاء کو آگاہ کیا کہ پی۔ایچ۔اے۔ فاؤنڈیشن کے سالانہ آڈٹ شدہ اکاؤنٹس برائے مالی سال 2012، 2013 اور 2014 تیار ہیں۔ انہوں نے بورڈ کے ڈائریکٹرز سے درخواست کی کہ ان آڈٹ شدہ اکاؤنٹس کو منظور کر دیں تاکہ انہیں ایس۔ای۔سی۔پی۔ میں جمع کرایا جاسکے اور ایف۔بی۔آر۔ میں آمدنی اور اخراجات کا سالانہ گوشوارے جمع کروائے جاسکیں۔

**فیصلہ:**

**"بورڈ کے ڈائریکٹرز نے آڈٹ شدہ اکاؤنٹس کا تفصیلی جائزہ لیا اور متفقہ طور پر پی۔ایچ۔اے۔ فاؤنڈیشن کے آڈٹ شدہ اکاؤنٹس برائے سال 2012، 2013 اور 2014 منظور کر دیے۔"**

**ایجنڈا آئٹم نمبر 5:۔**

**موجودہ آڈیٹر کی ایک سالہ توسیع برائے مالی سال 16-2015 کی بورڈ کے ڈائریکٹرز سے منظوری**

1. ڈائریکٹر (فنانس)، پی۔ایچ۔اے۔ایف۔ نے بورڈ کے ڈائریکٹرز کو بریف کیا کہ پی۔ایچ۔اے۔ فاؤنڈیشن کا سالانہ آڈٹ برائے سال 15-2014 جاری ہے اور آئندہ ایک ماہ میں مکمل ہو جائے گا۔ لہٰذا بورڈ کے ڈائریکٹرز سے درخواست ہے کہ موجودہ آڈیٹر "میسرز رفاقت منشاء محسن دوسانی معصوم اینڈ کو" کے کنٹریکٹ میں 1 سال کی توسیع کرتے ہوئے اُسے سال 16-2015 میں بطور آڈیٹر تعیناتی کی اجازت دے دیں۔

**فیصلہ:**

2. بورڈ کے ڈائریکٹرز نے متفقہ طور پر مندرجہ ذیل فیصلہ دیا:

**"میسرز رفاقت منشاء محسن دوسانی معصوم اینڈ کو کے کنٹریکٹ میں 1 سال کی توسیع کی اجازت دی جاتی ہے تاکہ وہ پی۔ایچ۔اے۔ایف۔ کے سال 16-2015 کے اکاؤنٹس کا آڈٹ مکمل کریں۔"**

**ایجنڈا آئٹم نمبر 6:۔**

**مالی سال 2016-17 کے لئے پی ایچ اے ایف کا بجٹ**

1. بورڈ نے ذیلی کمیٹی کی سفارشات کی بنیاد پر مندرجہ ذیل فیصلہ دیا:

**فیصلہ:۔**

**"سال 2016-17 کے بجٹ کی باقاعدہ منظوری دی جاتی ہے۔"**

**ایجنڈا آئٹم نمبر 7:**

**پی۔ ایچ۔ اے۔ فاؤنڈیشن کے مستقل ملازمین کے لئے رہائش کی بحالی**

1. بورڈ نے ذیلی کمیٹی کی سفارشات کو منظور کرتے ہوئے مندرجہ ذیل فیصلے دیے:

**فیصلہ:۔**

**"پی۔ ایچ۔ اے۔ ایف۔ میں تمام ملازمین بشمول ڈیپوٹیشنسٹ کو ہائرنگ کی سہولت اسی طریقے کار سے دی جائے جو کہ سسٹر آرگنائزیشن (sister organization) ایف۔ جی۔ ای۔ ایچ۔ ایف۔ میں لاگو ہے۔"**

**ایجنڈا آئٹم نمبر 8:**

**پی۔ ایچ۔ اے۔ ایف۔ کے ملازمین کو میڈیکل سہولت کی فراہمی**

**فیصلہ:**

**"بورڈ کے ڈائریکٹرز نے اس ایجنڈے کو بورڈ کی اگلی میٹنگ میں لانے کے لئے ہدایات دیں۔"**

**ایجنڈا آئٹم نمبر 9:۔**

**کچلاک روڈ پراجیکٹ، کوئٹہ**

**فیصلہ:۔**

**"بورڈ کے ڈائریکٹرز نے اس ایجنڈے کو بورڈ کی اگلی میٹنگ میں لانے کے لئے ہدایات دیں۔"**

**ایجنڈا آئٹم نمبر 10:۔**

**پی۔ ایچ۔ اے۔ معمار پراجیکٹ، کراچی**

**فیصلہ:۔**

"بورڈ کے ڈائریکٹرز نے اس ایجنڈے کو بورڈ کی اگلی میٹنگ میں لانے کے لئے ہدایات دیں۔"

**ایجنڈا آئٹم نمبر 11:۔**

**پی۔ایچ۔اے۔ایف۔ آفیسرز ریذیڈنشیاء اسلام آباد پراجیکٹ میں زمین کا غیر قانونی قبضہ**

**فیصلہ:**

"بورڈ کے ڈائریکٹرز نے اس ایجنڈے کو بورڈ کی اگلی میٹنگ میں لانے کے لئے ہدایات دیں۔"

**ایجنڈا آئٹم نمبر 12:۔**

**آئی-12 اسلام آباد پراجیکٹ میں وفاقی سرکاری ملازمین**
**کے کوٹے سے جنرل پبلک کو اپارٹمنٹس کی آفر کی تجویز**

**فیصلہ:**

"بورڈ کے ڈائریکٹرز نے اس ایجنڈے کو بورڈ کی اگلی میٹنگ میں لانے کے لئے ہدایات دیں۔"

**ایجنڈا آئٹم نمبر 13:۔**

**آئی-12 اور آئی-16/3 اسلام آباد پراجیکٹس میں اپارٹمنٹس کے انتقال کی منظوری**

**فیصلہ:**

"بورڈ کے ڈائریکٹرز نے اس ایجنڈے کو بورڈ کی اگلی میٹنگ میں لانے کے لئے ہدایات دیں۔"

**ایجنڈا آئٹم نمبر14:**

**جی-11/3 اسلام آباد پراجیکٹ کے الاٹی وسیم الرحمٰن بیگ کو الاٹ کردہ اپارٹمنٹ کی بحالی**

**فیصلہ:**

"بورڈ کے ڈائریکٹرز نے اس ایجنڈے کو بورڈ کی اگلی میٹنگ میں لانے کے لئے ہدایات دیں۔"

**ایجنڈا آئٹم نمبر15:۔**

**آئی-16/3 اسلام آباد پراجیکٹ کے اپارٹمنٹس کی جنرل پبلک اور**

بی۔پی۔ایس۔1 تا22 کے وفاقی سرکاری ملازمین کو آفر کی تجویز

فیصلہ:

"بورڈ کے ڈائریکٹرز نے اس ایجنڈے کو بورڈ کی اگلی میٹنگ میں لانے کے لئے ہدایات دیں۔"

ایجنڈا آئٹم نمبر16:

وفاقی سرکاری ملازمین کے لئے ممبر شپ شروع کرنے کی تجویز

فیصلہ:

"بورڈ کے ڈائریکٹرز نے اس ایجنڈے کو بورڈ کی اگلی میٹنگ میں لانے کے لئے ہدایات دیں۔"

ایجنڈا آئٹم نمبر 17:

ایف۔جی۔ای۔ایچ۔ایف۔، اسلام آباد کے مستقبل میں آنے والے تمام پراجیکٹس میں
پی۔ایچ۔اے۔ایف۔ کو15 ایکڑ زمین کی فراہمی

فیصلہ:

"بورڈ کے ڈائریکٹرز نے اس ایجنڈے کو بورڈ کی اگلی میٹنگ میں لانے کے لئے ہدایات دیں۔"

ایجنڈا آئٹم نمبر18:

شبیر ٹاؤن پراجیکٹ لاہور کے الاٹی راشد بشیر ورک کی درخواست برائے متبادل یونٹ

فیصلہ:

"بورڈ کے ڈائریکٹرز نے اس ایجنڈے کو بورڈ کی اگلی میٹنگ میں لانے کے لئے ہدایات دیں۔"

ایجنڈا آئٹم نمبر19:

انجینئرنگ ونگ کی انتظامی تشکیل نو

فیصلہ:

"بورڈ کے ڈائریکٹرز نے اس ایجنڈے کو بورڈ کی اگلی میٹنگ میں لانے کے لئے ہدایات دیں۔"

اضافی ایجنڈا نمبر1:

## پی۔ ایچ۔ اے۔ ایف۔ کے آئی-12 پراجیکٹ میں زمین کے قبضے کا مسئلہ

1. چیف انجینئر، پی۔ ایچ۔ اے۔ ایف۔ نے بورڈ کے معزز ڈائریکٹرز کو آئی-12 میں زمین کے قبضے کے مسئلے کے بارے میں آگاہ کیا کہ پی۔ ایچ۔ اے۔ ایف۔ نے زمین کی اصل قیمت 25 کروڑ چالیس لاکھ روپے کی ادائیگی سی۔ ڈی۔ اے۔ کو کر دی ہے لیکن سی۔ ڈی۔ اے۔ نے تاخیر ادائیگی چارجز (Annual Ground Rent/DPC) جو کہ تقریباً 3 کروڑ 40 لاکھ روپے ہے کا نوٹس بھیجا ہے جس کی ادائیگی کرنے کے بعد قبضہ دیا جائے گا۔ محترم روحیل محمد بلوچ، فنانشل ایڈوائزر کی تجویز پر چیئرمین بورڈ نے ممبر سی۔ ڈی۔ اے۔، شاہد سہیل صاحب کو کہا کہ پی۔ ایچ۔ اے۔ ایف۔ رعایتی قیمتوں پر وفاقی سرکاری ملازمین کو رہائش کی سہولتیں فراہم کرتی ہے لہٰذا آپ مذکورہ چارجز کی معافی اور زمین کے قبضے کے معاملے میں پی۔ ایچ۔ اے۔ ایف۔ کی مدد کریں۔

**فیصلہ:**

1. **"بورڈ کے ڈائریکٹرز نے متفقہ طور پر فیصلہ کیا کہ بورڈ کی ایک ریزولوشن کے طور پر سی۔ ڈی۔ اے۔ کو درخواست بھیجی جائے گی کہ زمین کے قبضے والا مسئلہ جلد از جلد حل کیا جائے۔ اس کے علاوہ ہدایات دیں کہ اس سلسلے میں انجینئرنگ ونگ، پی۔ ایچ۔ اے۔ ایف۔ کے متعلقہ ڈپٹی ڈائریکٹر سی۔ ڈی۔ اے۔ سے مسلسل رابطے میں رہیں۔"**

**اضافی ایجنڈا نمبر 2:**

## پی۔ ایچ۔ اے۔ ایف۔ میں کمپنی سیکرٹری کا اضافی چارج

**فیصلہ:**

**"بورڈ کے ڈائریکٹرز نے متفقہ طور پر فیصلہ کیا کہ ڈائریکٹر (مانیٹرنگ اور کوارڈینیشن)، محترمہ رومانہ گل کاکڑ کو کمپنی سیکرٹری/ڈائریکٹر (ایڈمن) کے خالی عہدے کا اضافی چارج دیا جائے۔"**

**اضافی ایجنڈا نمبر 3:**

## پی۔ ایچ۔ اے۔ ایف۔ میں اپارٹمنٹس کی ٹرانسفر کی منظوری دینے کا اختیار

**فیصلہ:**

**"بورڈ کے ڈائریکٹرز نے متفقہ طور پر فیصلہ کیا کہ جب تک مستقل طور پر ڈائریکٹر (لینڈ اور اسٹیٹ) کی تعیناتی پی۔ ایچ۔ اے۔ ایف۔ میں نہیں ہو جاتی تب تک ڈپٹی ڈائریکٹر (اے۔ ایس۔ سی۔ 2/ون ونڈو آپریشن)، محترمہ نجف حیدر کو اپارٹمنٹس/یونٹس کے ٹرانسفر کی منظوری دینے کا اختیار دیا جاتا ہے۔"**

**********************

Articles are expressly directed to be exercised by general powers shall have the following special powers and duties:

a) To present to the general meeting of the Company any matters which the directors feel are material to the Company, its objects or interests or affecting the interests of members and make suitable recommendations regarding such matters.
b) To regulate, through articles, the admission of members.
c) To appoint, remove or suspend the legal advisors, bankers, or other officers on such terms and conditions as they shall think fit and as may be agreed upon.
d) To appoint any qualified person as a first auditors subject to provisions of the Ordinance;
e) To determine the remuneration, terms and conditions and powers of such appointees and from time to time, revoke such appointments and name another person of similar status to such office except for the auditor in which case the relevant provisions of the Ordinance shall be followed.
f) To delegate, from time to time, to any such appointee all or any of the powers and authority of the Board and to reconstitute, restrict or vary such delegations.
g) To agree upon and pay any expenses in connection with the Company's objects and undertakings and pay all the expenses incidental to the formation and regulation of the Company.
h) To constitute from time to time committee(s) from among themselves or co-opt other persons for the purpose and delegate to them such functions and powers as the Board may see fit to carry out the objects of the Company.
i) Subject to the provisions of Section 196 of the Ordinance, the directors may exercise all the powers of the Company to borrow and mortgage or charge its undertaking, property and assets (Both present and future) or issue securities whether outright security for any debt, liability or obligation of the Company.

## PROCEEDINGS OF THE BOARD

**43.** The Board shall meet at least once in each quarter of every year, subject there to, that meetings of the Board shall be held at such time as the directors shall think fit. All meetings of the Board shall be held at the registered office of the Company or at such other place as the Board shall from time to time determine. The meetings of the Board shall be called by the chairman on his own accord or at the request of the Chief Executive (or any three directors) by giving at least seven (7) days notice to the members of the Board.

**44.** At least one-third ($1/3^{rd}$) of the total number of directors or four (4) directors whichever is higher, for the time being of the Company, shall constitute a quorum.

(فلیگ - الف)

b) The directors of the Company shall be elected on the basis of one member one vote,

c) The candidate who gets the highest number of votes shall be declared elected as director and then the candidate who gets the next highest number of votes shall be so declared and so on until the total number of directors to be elected has been so elected.

ii. If the number of persons who offer themselves to be elected is not more than the number of directors fixed by the directors under sub-section (1) of section 178, all persons who offered themselves shall be deemed to have been elected as directors.

**39. CASUAL VACANCY AND ALTERNATE OR SUBSTITUTE DIRECTORS:**

a) Any casual vacancy occurring among the directors may be filled up by the directors within thirty days of the vacancy and the person so appointed shall hold office for the remainder of the term of director in whose place he is appointed.

b) An existing director may, with the approval of the board of directors, appoint an alternate director to act for him during his absence from Pakistan of not less than three months. The alternate director so appointed shall ipso facto vacate office if and when the director appointing him returns to Pakistan.

**40. REMOVAL OF DIRECTOR:**

The Company may remove a director through a resolution passed in a general meeting of members in accordance with Section 181 of the Ordinance.

**41. CHAIRMAN OF THE BOARD:**

The directors may elect one of their members as the Chairman of the Board. The Chairman of the Board shall preside at all meetings of the Board but, if at any meeting the chairman is not present within ten minutes after the time appointed for holding the same or is unwilling to act as chairman, the directors present may choose one of their member to be chairman of the meeting.

**DUTIES AND POWERS OF THE BOARD**

**42.** The Board shall conduct and manage all the business affairs of the Company, exercise all the powers, authorities and discretion of the Company, obtain or oppose the application by others for all concessions, grants, charters and legislative acts and authorization from any government or authority, enter into such contracts and do all such other things as may be necessary for carrying on the business of the Company, except only such of them as under the statutes and

58. **THE SEAL:**

The directors shall provide for the safe custody of the seal, which shall not be affixed to any instrument except by the authority of a resolution of the Board or by a committee of directors authorized in that behalf by the directors, and two directors or one director and the Secretary of the Company shall sign every instrument to which the seal shall be affixed.

**FINANCES**

59. The funds of the Company shall be applied in defraying the expenses and shall be applicable in or towards the acquisition by purchase, lease or otherwise and furnishing and maintenance of suitable premises and assets for the use of the Company and shall be subject to the general control and direction of the Board.

60. No person, except persons duly authorized by the Board and acting within the limits of the authority as conferred, shall have authority to sign any cheque or to enter into any contract so as thereby to impose any liability on the Company or to pledge the assets of the Company.

**ACCOUNTS**

61. **BOOKS OF ACCOUNTS:**

The directors shall cause to be kept proper books of account as required under Section 230 of the Ordinance so that such books of account shall be kept at the registered office or at such other place as the directors think fit as provided in the said section 230 and shall be open to inspection by the directors during business hours.

62. **INSPECTION BY NUMBERS:**

The directors shall from time to time determine the time and places for inspection of the accounts and books of the company by the members not being directors, and no member (not being a director) shall have any right to inspect any account and books or papers of the Company except as conferred by law or authorized by the directors or by the Company in general meeting.

63. **ANNUAL ACCOUNTS:**

The directors shall as required by section 233 of the Ordinance cause to be prepared and to be laid before the Company in Annual General Meeting such Balance Sheet and Income and Expenditure Account and Cash Flow Statement duly audited and reports as are required in the Ordinance.

64. **COPY OF ACCOUNTS TO BE SENT TO MEMBERS:**

A copy of balance sheet and profit and loss account and the cash flow statement along with the reports of directors and Auditors of the Company shall, at least twenty-one (21) clear days before the holding

Agenda No 1, 9,

(ضمیمہ-الف-1)

## Detail of PHA Foundation running Accounts

| Sr # | Accounts Number/Accounts Head | Name of Banks | Balance |
|---|---|---|---|
| **Main Accounts** | | | |
| 1 | 2002576522 PHA-Main AC | Silk Bank | 81.265 |
| 2 | 2002634379 for security deposit | Silk Bank | 116.000 |
| **Projects Accounts** | | | |
| 3 | A/C(1002469177) (I-11) Isb | Bank Alfalah | 18.298 |
| 4 | PHA Officer Residentia Project ISB AC(08-4790006-01) | Standard Chartered Bank | 726.228 |
| 5 | 135-2025981-149 (I16/3) Isb | Faysal Bank Limited | 56.237 |
| 6 | AC (237-20614-714-105971) "C" type appts Isb at G-11/3 | Habib Metropolitan Bank | 69.892 |
| 7 | AC (237-20614-714-105917) "E" type appts at G-11/3 Isb | Habib Metropolitan Bank | 226.135 |
| 8 | AC(237-20614-714-105924) "D" type appts at G-10/2 Isb | Habib Metropolitan Bank | 1.142 |
| 9 | AC(237-20614-714-105995) "D" type appartments at Wafaqi colony Lahore | Habib Metropolitan Bank | 31.077 |
| 10 | AC(237-20614-714-105988) "E"type apartment at wafaqi colony Lahore | Habib Metropolitan Bank | 28.612 |
| 11 | AC (237-20614-714-105949) "D &E" type additional appartments at Wafaqi Colony lahore | Habib Metropolitan Bank | 22.964 |
| 12 | AC(237-20614-714-105931) Shops UET Lhr | Habib Metropolitan Bank | 1.460 |
| 13 | AC1351490006073 (Executive Wafaqi Colony, Lahore) | Faysal Bank Limited | 74.209 |
| 14 | AC(02-37-20614-714-118021) G-11/4 Additional ibd | Habib Metropolitan Bank | 0.207 |
| 15 | Ac(02-37-20614-714-118038) I-16 ibd | Habib Metropolitan Bank | 219.958 |
| 16 | AC (20620-714-141706) I-12 IBD | Summit Bank | 1,058.849 |

## 25اگست،2016 کو منعقدہ 22ویں بی او ڈی میٹنگ میں شریک ہونے والے شرکاء کی فہرست

| نمبر شمار | نام اور عہدہ | بورڈ میں حیثیت | موجودگی |
|---|---|---|---|
| 1 | محترم اکرم خان درانی،<br>وفاقی وزیر برائے مکانات و تعمیرات /<br>چیئرمین، پی ایچ اے فاؤنڈیشن،<br>اسلام آباد | چیئرمین | حاضر |
| 2 | محترم شاہ رخ ارباب،<br>سیکرٹری برائے مکانات و تعمیرات، اسلام آباد | ڈپٹی چیئرمین | حاضر |
| 3 | چیف ایگزیکٹو افسر، پی ایچ اے ایف،<br>اسلام آباد | رکن | آسامی خالی ہے |
| 4 | محترم اختر جان وزیر، سینئر جوائنٹ سیکرٹری، وزارت برائے مکانات و<br>تعمیرات، اسلام آباد | رکن | حاضر |
| 5 | محترم شاھد سہیل،<br>ممبر انجینئرنگ، سی۔ڈی۔اے، اسلام آباد | رکن | حاضر |
| 6 | محترم روحیل محمد بلوچ،<br>فنانشل مشیر برائے مکانات و تعمیرات، اسلام آباد | رکن | حاضر |
| 7 | محترم وقاص علی محمود،<br>ڈائریکٹر جنرل، ایف۔جی۔ای۔ایچ۔ایف۔، اسلام آباد | رکن | حاضر |
| 8 | محترم علی اکبر شیخ،<br>ڈائریکٹر جنرل، پاک پی۔ڈبلیو۔ڈی، اسلام آباد | رکن | حاضر |
| 9 | محترم مشتاق علی ذکاء،<br>جوائنٹ انجینئرنگ ایڈوائزر، وزارت برائے مکانات و تعمیرات، اسلام<br>آباد | رکن | حاضر |
| 10 | محترم جمیل احمد خان،<br>ڈپٹی سیکرٹری (ایڈمن)، | رکن | حاضر |

## بورڈ اراکین کے علاوہ حاضر شرکا

| | | |
|---|---|---|
| 1 | محترم شاہد فرزند | چیف انجینئر، پی ایچ اے ایف، اسلام آباد |
| 2 | محترمہ رومانہ کاکڑ | ڈائریکٹر (مانیٹرنگ / رابطہ) پی ایچ اے ایف، اسلام آباد |
| 3 | محترم قیصر عباس | ڈائریکٹر (انجینئرنگ)، پی ایچ اے ایف، اسلام آباد |
| 4 | معاون سٹاف، پی۔ ایچ۔ اے۔ ایف۔، اسلام آباد | |

*****************